روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
جمعرات 21 اپریل 2005ء 11 ربیع الاول 1426 ہجری 21 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 87

صلح پھیلانے والے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں۔

ان غریب اور بے کس لوگوں کے لئے بشارت ہو جو لوگوں کے فساد کے وقت صلح اور امن پھیلاتے ہیں۔

(الجہاد لابن المبارک جلد1 ص164 حدیث نمبر 2163)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مفتی محمد صادق صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

قریباً 1898ء کا ذکر ہے۔ جب مدرسہ تعلیم الاسلام قادیان ابتدائی حالت میں تھا۔ اور غالباً ہنوز پرائمری تک جماعتیں تھیں۔ منجملہ مدرسین کے شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی اور مفتی فضل الرحمٰن حکیم صاحب بھی تھے۔ اور حضرت مولوی حکیم فضل دین صاحب مرحوم ومغفور مدرسہ کے مینیجر تھے۔ اور سکول کے انتظام کے واسطے ایک مختصر سی انجمن بنی ہوئی تھی۔ جس کا ایک ممبر عاجز بھی تھا۔ عاجز اس وقت ابھی دفتر اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب لاہور میں کلرک تھا۔ اور وہاں سے قادیان آتا رہتا تھا۔ اور انجمن کے اجلاسوں میں شامل ہوتا رہتا تھا۔ ایک دفعہ بعض اراکین مدرسہ نے مجلس میں جبکہ عاجز بھی حاضر تھا۔ شیخ یعقوب علی صاحب کی کچھ شکایت حضرت مسیح موعود کے حضور میں کی۔ حضور نے سن کر فرمایا۔ عیبش ہمہ گفتی ہنرش نیز بگو۔ پھر حضور نے خود شیخ صاحب موصوف کی کوئی خوبی بیان کی۔ کہ ان میں وہ عیب ہے تو یہ خوبی بھی ہے۔ (ذکر حبیب ص 57)

ایک دفعہ مولوی محمد علی صاحب کو معلوم ہوا کہ کسی شخص نے حضرت صاحب کے پاس ان کی کوئی شکایت کی ہے۔ اس پر وہ بہت برہم ہوئے۔ اور حضرت صاحب سے عرض کیا کہ لوگ خواہ مخواہ ہماری شکائتیں آپ کے پاس لے جاتے ہیں۔ اور ہمیں بہت تکلیف ہوتی ہے۔ آپ نے تبسم کرتے ہوئے فرمایا۔ آپ گھبرائیں نہیں، لوگ اگر ایسی شکائتیں کرتے بھی ہیں تو میری ایسی حالت ہوتی ہے۔ کہ گویا میں نے سنا ہی نہیں کہ کسی نے کیا کہا۔

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کی وفات سے تھوڑا ہی پہلے کا واقعہ ہے۔ کہ میں اتفاق سے مولوی محمد علی صاحب کے کمرہ میں بیٹھا ہوا تھا۔ جو بیت مبارک سے ملحق ہے۔ اور وہاں حضرت مولوی نورالدین صاحب بھی تھے۔ اور حضرت مسیح موعود بھی تشریف لائے۔ مولوی محمد علی صاحب نے ناراضگی کا چہرہ بنائے ہوئے لرزتی ہوئی آواز سے کہا۔ کہ میر صاحب نے حضور کے پاس میری شکایت کی ہے۔ اور حضور بھی آخر انسان ہیں۔ حضور پر اثر ہوتا ہوگا۔ اس پر حضور نے فرمایا۔ مجھ پر کوئی اثر نہیں۔ مگر جس طرف میں آپ لوگوں کو لے جانا چاہتا ہوں۔ ادھر تو ہنوز آپ کے منہ بھی نہیں۔ حضرت مولوی نورالدین صاحب نے مولوی محمد علی صاحب کو ڈانٹا کہ ایسا کلمہ آپ کو نہیں بولنا چاہئے تھا۔

(ذکر حبیب ص 159)

خصوصی درخواست دعا

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ (اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب) کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع یہ ہے کہ فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ان کا آپریشن ہو چکا ہے۔ جو بظاہر کامیاب اور تسلی بخش ہے۔ احباب جماعت خصوصی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

☆ محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب (حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے بھائی) کا چند دن پہلے الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں پھیپھڑے کا آپریشن ہوا تھا۔ جو الحمد للہ کامیاب رہا تھا۔ لیکن نمونیہ کے حملہ کی وجہ سے طبیعت خاصی بگڑ گئی تھی۔ مگر کچھ سنبھلنے کے بعد پھر خراب ہوگئی ہے اور اب حالت قابل فکر ہے۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

فضل عمر ہسپتال میں مکرم ڈاکٹر ابرار پیرزادہ صاحب کی آمد

مکرم ڈاکٹر ابرار پیرزادہ صاحب کاسمیٹک، پلاسٹک اور ہیئر ٹرانسپلانٹیشن سرجری کے ماہر مورخہ 24۔اپریل 2005ء ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ اور علاج معالجہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 22/ اپریل 2005ء

5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 a.m	فرانسیسی پروگرام
6-35 a.m	لقاء مع العرب
7-45 a.m	آسٹریلوی کینگرو ''تعارف''
8-15 a.m	ملاقات
9-30 a.m	انٹرویو
11-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 p.m	چلڈرنز کلاس
1-00 p.m	فرانسیسی پروگرام
1-30 p.m	ایم ٹی اے سپورٹس
1-50 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-00 p.m	سرائیکی پروگرام
4-00 p.m	ملاقات
5-00 p.m	خطبہ جمعہ لائیو
6-15 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-15 p.m	بنگلہ پروگرام
8-15 p.m	صحابہ رسول اللہ ﷺ
8-50 p.m	خطبہ جمعہ
9-55 p.m	انٹرویو
11-50 p.m	فرانسیسی پروگرام

ہفتہ 23/ اپریل 2005ء

12-25 a.m	لقاء مع العرب
1-50 a.m	خطبہ جمعہ
2-55 a.m	انٹرویو
3-55 a.m	ملاقات
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 a.m	چلڈرنز ورکشاپ
6-40 a.m	لقاء مع العرب
7-45 a.m	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
8-20 a.m	خطبہ جمعہ
9-35 a.m	مشاعرہ
10-30 a.m	ایم ٹی اے آسٹریلیا کے پروگرام
11-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-10 p.m	بستان وقف نو
1-15 p.m	گفتگو
1-40 p.m	خطبہ جمعہ
2-50 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-55 p.m	خطبہ جمعہ
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
5-55 p.m	انتخاب سخن
7-00 p.m	بستان وقف نو
8-05 p.m	گفتگو
9-05 p.m	مشاعرہ
9-30 p.m	سوال وجواب
10-25 p.m	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
11-00 p.m	چلڈرنز ورکشاپ

اتوار 24/ اپریل 2005ء

12-30 a.m	لقاء مع العرب
1-40 a.m	گفتگو
1-55 a.m	بستان وقف نو
2-55 a.m	مشاعرہ
3-55 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 a.m	چلڈرنز کارنر
6-35 a.m	لقاء مع العرب
7-40 a.m	تقریر
8-45 a.m	سوال وجواب
10-05 a.m	سیرت حضرت مسیح موعود
11-00 a.m	تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
12-10 p.m	بستان وقف نو
1-15 p.m	چلڈرنز کارنر
1-50 p.m	دورہ حضور ایدہ اللہ
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-55 p.m	سپینش پروگرامز
5-55 p.m	تلاوت، ہماری تعلیم، خبریں
6-05 p.m	بنگلہ پروگرامز
7-05 p.m	خطبہ جمعہ
8-20 p.m	گلشن وقف نو
9-20 p.m	دورہ حضور ایدہ اللہ
10-30 p.m	سوال وجواب
11-00 p.m	چلڈرنز کارنر

دل کھول کر خرچ کرو

حضرت نبی کریم ﷺ نے ایک دفعہ حضرت اسماء بنت ابی ابکرؓ کو نصیحت فرمائی کہ اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دیا کرے گا۔ اپنی روپوں کی تھیلی کا منہ بند کر کے نہ بیٹھ جانا ورنہ پھر اس کا منہ بند ہی رکھا جائے گا۔ جتنی طاقت ہے دل کھول کر خرچ کیا کرو۔ (بخاری)

احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ مستحق مریضوں کے علاج کی مدامداد مریضاں اور ہسپتال کی مد ڈویلپمنٹ میں بطور صدقہ جاریہ اپنے عطایات بھجوائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم منیر الدین احمد صاحب انسپکٹر تحریک جدید تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے پھوپھا جان مکرم منور احمد صاحب ولد فیض احمد صاحب معمولی علالت کے بعد مورخہ 21 فروری 2005ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ آپ لدھیانہ میں 1940ء میں پیدا ہوئے۔ بفضل خدا پیدائشی احمدی تھے۔ لدھیانہ سے ہجرت کے بعد جھنگ صدر میں مستقل رہائش اور محکمہ انہار میں ملازمت اختیار کی۔ آپ خدا کے فضل سے ملنسار اور خوش اخلاق تھے۔ آپ کی نماز جنازہ مکرم مشہود احمد طور صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 22 فروری 2005ء کو پڑھائی اور تدفین مقامی قبرستان میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مربی صاحب نے ہی دعا کروائی۔ آپ نے بیوہ کے علاوہ تین بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ آپ مکرم مولوی احمد الدین صاحب کے داماد اور مکرم عبد القیوم صاحب مربی سلسلہ کے خسر تھے۔ تمام احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم معراج احمد ابڑو صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں۔ محترم رئیس قادر بخش صاحب ڈاہری صدر جماعت احمدیہ گوٹھ میر حسن مورخہ 9۔ اپریل 2005ء کو بوجہ ہارٹ اٹیک کراچی میں بعمر 59 سال وفات پا گئے۔ آپ شریف النفس نیک مخلص ملنساز، مہمان نواز اور انسانیت کا درد رکھنے والے وجود تھے۔ آپ علاقہ باندھی کی معزز اور قابل احترام شخصیت تھے۔ آپ نے لمبا عرصہ جماعت کی خدمت کی اور عرصہ دس سال سے صدر جماعت تھے آپ نے سوگواران میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹیاں چار بیٹے اور چار بھائی اور چار بہنیں چھوڑی ہیں احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

درخواست دعا

مکرم ملک طاہر عثمان احمد صاحب جامعہ احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ اہلیہ محترم ملک منیر احمد صاحب مرحوم کافی عرصہ سے علیل ہیں۔ حالت کافی خراب ہے۔ پورا جسم متورم ہے جس کی وجہ سے بیٹھنے میں دقت ہے اور چل پھر نہیں سکتیں۔ احباب سے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔

نصرت جہاں اکیڈمی کا شاندار نتیجہ

امسال نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کے 17 طلبا نے مڈل سٹینڈر 2005ء کا امتحان دیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے تمام طلباء فرسٹ ڈویژن میں کامیاب ہوئے۔ اکیڈمی کے ایک طالب علم وقاص علی رول نمبر 11699 نے 696/800 نمبر لے کر تحصیل چنیوٹ میں اول جبکہ ضلع جھنگ میں طلباء میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ یہ اعزاز اللہ تعالیٰ ادارہ اور طلباء کے لئے مبارک کرے اور اس کامیابی کو آئندہ کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

اعلان دار القضاء

(محترمہ مختار بی بی صاحبہ بابت ترکہ
مکرم فضل کریم صاحب)

محترمہ مختار بی بی صاحبہ بنت مکرم فضل کریم صاحب سکنہ فیکٹری ایریا ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 8/33-B دار الرحمت برقبہ 16 مرلہ 89 مربع فٹ میں سے ان کے نام 8 مرلہ ساڑھے چوالیس مربع فٹ بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ ان کے حصہ میں سے 3 مرلہ جگہ میرے نام منتقل کردیجائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محترمہ فتح بی بی صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم سمیع اللہ صاحب (بیٹا)
3۔ مکرم ظفر اللہ صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم نور اللہ صاحب (بیٹا)
5۔ مکرم محمود اللہ صاحب (بیٹا)
6۔ مکرم سیف اللہ صاحب (بیٹا)
7۔ محترمہ کلثوم اختر صاحبہ (بیٹی)
8۔ محترمہ کوثر پروین صاحبہ (بیٹی)
9۔ محترمہ بشریٰ کنول صاحبہ (بیٹی)
10۔ محترمہ نصرت کنول صاحبہ (بیٹی)
11۔ محترمہ عائشہ صدیقہ صاحبہ (بیٹی)
12۔ محترمہ زبیدہ خانم صاحبہ (بیٹی)
13۔ محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ (بیٹی)
14۔ محترمہ مختار بی بی صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دار القضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دار القضاء۔ ربوہ)

انفاق فی سبیل اللہ ایک سے 700 گنا تک

عبدالسمیع خان

دنیا کا ریاضی دان کہتا ہے کہ اگر 100 روپے میں سے 10 روپے خرچ کر دیئے جائیں تو رقم کم ہو کر 90 روپے رہ جاتی ہے لیکن اس کائنات کا مالک کہتا ہے کہ اگر تم وہ دس روپے میری خاطر خرچ کرو گے تو وہ 10 روپے کم نہیں ہوں گے بلکہ دس گنا بڑھ کر 190 ہو جائیں گے اور اگر میری رحمت مزید قبولیت بخشے تو 10 روپے 700 سے ضرب کھا کر 7000 ہو جاتے ہیں اور 100 میں سے 10 روپے خرچ کرنے کے بعد باقی رقم 7090 روپے بن جاتی ہے۔ یہی مضمون روحانی کائنات میں ازل سے جاری ہے جو اللہ تعالیٰ اور ہمارے سید و مولیٰ حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ نے بیان فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

"جو لوگ اپنے مالوں کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں ان کی حالت اس دانہ کے مشابہ ہے جو سات بالیں اگائے اور ہر بالی میں سو دانہ ہو اور اللہ جس کے لئے چاہتا ہے اس سے بھی بڑھا کر دیتا ہے اور اللہ وسعت دینے والا اور بہت جاننے والا ہے۔

(البقرہ: 262)

حضرت خریمؓ بن فاتکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستے میں کچھ خرچ کرتا ہے اس کے لئے سات سو گنا بڑھا کر لکھا جاتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزکوٰۃ باب فضل النفقہ حدیث نمبر 1550)

قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ کے ان ارشادات کے اولین گواہ رسول کریم ﷺ کے صحابہؓ تھے جنہوں نے رسول اللہ کی آواز پر لبیک کہا۔ اپنے بظاہر بے قیمت مال پیش کئے اور ہزاروں گنا اجر پایا۔

جو گھر کا پورا یا آدھا مال لے کر آئے یا جنہوں نے جنگی تیاریوں میں حصہ لیا ان کو خدا نے خلافت کا منصب دے کر قوموں کا سردار بنا دیا۔ ایک بڑی دنیا کے اموال ان کے ہاتھوں میں دے دیئے۔

اصحاب صفہ کا فاقہ کش ابو ہریرہؓ بحرین کا گورنر بنا فارس کا تہی دست سلمانؓ مدائن کا حاکم بنا۔

سعد بن ابی وقاصؓ جو شعب ابی طالب کے زمانہ میں پاؤں کے نیچے آنے والی نامعلوم چیز کو مجبوری کے عالم میں نگل گئے تھے فاتح ایران کہلائے۔

حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ مکہ سے خالی ہاتھ ہجرت کر کے مدینہ گئے اور اپنے انصاری بھائی سعد بن ربیعؓ سے کچھ رقم لے کر کاروبار شروع کیا۔ اس کاروبار میں خدا نے اتنی برکت ڈالی کہ وہ مٹی کو ہاتھ لگاتے تھے تو وہ سونا ہو جاتی تھی۔ وہ کثرت سے انفاق فی سبیل اللہ کرتے تھے۔

چنانچہ خدا کی راہ میں نہایت فیاضی سے دینے کے باوجود اپنے وارثوں کے لئے وافر دولت چھوڑ گئے۔ سونے کی اینٹیں اتنی بڑی تھیں کہ انہیں کلہاڑوں سے کاٹ کاٹ کر تقسیم کیا گیا اور کاٹنے والوں کے ہاتھوں میں آبلے پڑ گئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے ایک ہزار اونٹ، 100 گھوڑے، 3000 بکریاں چھوڑیں۔ ان کی چاروں بیویوں کو ورثہ میں 80,80 ہزار دینار ملے۔ (اسد الغابہ جلد 3 ص 317)

خدا کے رسول کی آواز پر مٹھی بھر اموال پیش کرنے والوں کی اولادوں نے صدیوں دنیا پر حکمرانی کی اور سینکڑوں پشتیں اپنے آباء کی قربانیوں کے پھل کھاتی رہیں۔

اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے خدا کی قسم کھا کر اعلان فرمایا۔

مانقصت صدقۃ من مال

یعنی صدقہ دینے سے مال میں کمی نہیں ہوتی۔

(جامع ترمذی کتاب الزھد باب مثل الدنیا حدیث نمبر 2247)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ ہر صبح دو فرشتے اترتے ہیں۔ ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ! خرچ کرنے والے سخی کو اور دے اور اس کے نقش قدم پر چلنے والے اور پیدا کر۔ دوسرا کہتا ہے اے اللہ! روک رکھنے والے کنجوس کو ہلاکت دے اور اس کا مال و متاع برباد کر۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب قول اللہ فاما من اعطی واتقی حدیث نمبر 1351)

اس زمانہ میں بھی ہم یہی نظارے دیکھتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود کی اولاد کو دیکھیں، ان رفقاء کو دیکھیں جنہوں نے چند آنے پیش کئے تھے ان کی نسلیں دنیا میں عزت اور شان سے زندگی بسر کر رہی ہیں۔

فرشتوں کی دعاؤں کا یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ چند تازہ واقعات پیش خدمت ہیں۔

500 روپے زائد

ربوہ کی ایک خاتون کہتی ہیں کہ چندہ وقف جدید بڑھانے کی تحریک پر میں نے ایک ہزار روپے کا اضافہ کر دیا۔ جبکہ میری ساتھی ٹیچر نے پانچ سو روپے اضافہ کیا ہم دونوں کا ایک ہی گریڈ تھا۔ ایک جتنی ہی تنخواہ تھی۔ کچھ ہی عرصہ بعد میری تنخواہ میں پانچ سو روپے کا اضافہ ہو گیا اور ریٹائرمنٹ تک اس ساتھی ٹیچر سے میری تنخواہ پانچ سو روپیہ زائد رہی۔ میں سوچا کرتی کہ یہ وہ پانچ سو روپے ہیں جو میں نے ایک بار اپنی ساتھی ٹیچر سے زائد اللہ کی راہ میں پیش کئے تھے۔

(الفضل 15 نومبر 2002ء)

چندہ جتنی رقم کا اضافہ

ایک دوست کو کینیڈا گئے ایک سال ہوا تھا۔ گھر میں ابھی ضرورت کی اشیاء بھی نہیں تھیں۔ بچے نیچے فرش پر سوتے تھے۔ انہوں نے ایک تحریک میں اپنے اہل و عیال سمیت 5 ہزار ڈالر کا وعدہ کیا۔ چند دنوں بعد ہی اللہ تعالیٰ نے ایسا انتظام کر دیا کہ جس یونیورسٹی میں وہ پڑھاتے تھے وہاں کا ایک پروفیسر بیمار ہو گیا اور اس نے کہا کہ میری جگہ پر اگر یہ احمدی دوست پڑھائیں تو مجھے اطمینان رہے گا اور طلباء کا نقصان بھی نہیں ہو گا۔ چنانچہ ان کی جگہ پڑھانے پر اس دوست کو ٹھیک اتنے ڈالرز (5 ہزار) مل گئے جتنا انہوں نے وعدہ کیا تھا۔ گویا خدا تعالیٰ نے وعدہ جتنی رقم کا انتظام ساتھ ہی فرما دیا۔ (الفضل 11 اگست 1983ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے امریکہ میں پانچ نئے مشن ہاؤسز اور بیوت الذکر کے قیام کے لئے تحریک فرمائی تھی اس تحریک کا ایسا غیر معمولی اثر ہوا کہ احباب نے حضور کا پیغام پہنچتے ہی فوری ادائیگیاں شروع کر دیں۔ ایک مخلص ڈاکٹر نے اپنا ایمان افروز واقعہ لکھا کہ انہوں نے پچیس ہزار ڈالرز کا وعدہ کیا تھا۔ حضور کا پیغام موصول ہوتے ہی اسی روز دس ہزار ڈالرز ادا کر دیئے۔ اس سے اگلے روز ہی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کو بقایا بلوں کی جس کی فوری وصولی کی انہیں قطعاً امید نہ تھی، اتنی ہی رقم وصول ہو گئی۔ گویا اس چندہ کی رقم اللہ تعالیٰ نے خود ہی ادا فرما دی۔

(الفضل 27 اگست 1983ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

ابھی خدام الاحمدیہ نے ایک سکیم بنائی۔ نوجوانوں کی خواہش تھی۔ میں نے ان کو اجازت دے دی کہ دو بیوت الذکر کے لئے یورپ اور امریکہ اور کینیڈا سے چندہ جمع کرو۔ وہاں خدا تعالیٰ نے بیسیوں اپنے پیار کے اور شفقت کے اور محبت کے مظاہرے دکھائے۔ انگلستان کا ایک نوجوان ہے۔ اس نے خود مجھے خط لکھا ہے کہ جب یہ تحریک ہوئی تو مجھے بھی خیال پیدا ہوا کہ میں دوں۔ میں نے پانچ سو پچاس پونڈ کا وعدہ کر دیا۔ اور تھے میرے پاس صرف پانچ پونڈ۔ پھر مجھے خیال آیا کہ صرف وعدہ کرنا تو ٹھیک نہیں ہے۔ میں نے اپنے بینک سے بات کی کہ مجھے اوور ڈرا (Overdraw) دو پانچ سو پچاس پونڈ تو میں چندہ دے دوں۔ وہ میں نے قرض لے لئے۔ کہتا ہے کہ ایک ہفتے کے اندر اندر قرض کے اتر جانے کے سامان اللہ تعالیٰ نے پیدا کر دیئے۔ اس قرض پر ابھی ہفتہ ہی گزرا تھا کہ اسی بینک نے جہاں اس کا اکاؤنٹ تھا اس کو پانچ سو پچاس پونڈ کا چیک بھیجا۔ اس نوٹ کے ساتھ کہ پچھلے سال ہم نے جو تمہارا انکم ٹیکس کاٹا تھا، غلطی سے پانچ سو پچاس پونڈ زیادہ کاٹ لئے۔ اب ہم نے چیک کیا ہے اور وہ تمہیں چیک بھیج رہے ہیں۔ یعنی جو رقم اس نے دی تھی وہ ایک ہفتے میں خدا تعالیٰ نے اس کو واپس کر دی۔

(الفضل 11 اپریل 1982ء)

آمد دگنی ہو گئی

ایک نوجوان نے بتایا کہ میں ایک جگہ ملازم تھا اور میری تنخواہ 2500 روپے تھی۔ لیکن میں نے چندہ 1800 روپے لکھوایا ہوا تھا۔ ایک دن خطبہ جمعہ میں ہمارے مربی صاحب نے تفصیل سے چندوں کی شرح کے ساتھ ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ اور بتایا کہ خدا قادر ہے کہ تمہارے اموال میں برکت ڈال دے۔ اور اگر تم کنجوسی کرو تو تمہارے اموال کم کر دے۔

مجھ پر ان کی بات کا بہت اثر ہوا چنانچہ میں نے آتے ہی سیکرٹری صاحب مال کے ساتھ رابطہ کر کے پوری شرح کے مطابق چندہ لکھوا دیا۔ (یعنی پہلے 1800 آمد لکھوائی تھی اور اب پوری آمد یعنی 2500 روپے کا بجٹ لکھوا دیا)

خدا کی شان دیکھیں اسی مہینے مجھے پہلی ملازمت سے بھی اچھی ملازمت مل گئی اور آپ حیران ہوں گے کہ پہلی ملازمت سے مجھے 2500 روپے ملتے تھے۔ نئی ملازمت سے مجھے پانچ ہزار ملنا شروع ہو گئے۔ یعنی دو گنا رقم ملنا شروع ہو گئی۔

(الفضل 18 نومبر 1998ء)

تین گنا اضافہ

کینیڈا کے ایک دوست نے نئے مشن ہاؤسز و بیوت الذکر کے لئے 5000 ڈالرز کا وعدہ کیا جب گھر آئے تو بیگم نے کہا ہم پر تو قرض ہے یہ رقم کہاں سے آئے گی۔ انہوں نے جواب دیا کہ خدا کے لئے دینا ہے۔ اسی پر توکل کر کے وعدہ کیا ہے اور وہی دے گا بھی۔ چنانچہ چند روز کے بعد ہی انہیں کمپنی والوں نے کہا کہ اگر میں گارنٹی دوں کہ ڈیڑھ سال ہمارے ساتھ کام کرتے رہو گے تو تمہیں 5 ہزار ڈالرز زائد دیں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تین ہفتہ کے اندر اندر تین گنا دینے کا انتظام کر دیا۔

(الفضل 15 اگست 1983ء)

سات گنا اضافہ

ربوہ کے ایک دوست بیان کرتے ہیں کہ گزشتہ سال خاکسار نے جب نامساعد حالات میں اپنے وعدہ تحریک جدید کی ادائیگی کی تو اگلے دن ہی خدا تعالیٰ نے خاکسار کو اس ادائیگی سے سات گنا زیادہ دیا۔

امسال خاکسار نے اپنے وعدہ کی ادائیگی کے کچھ عرصہ بعد اضافی طور پر ادائیگی کی۔ خاکسار کو اپنے مولیٰ کی محبت پر یقین تھا کہ وہ مجھے اپنے پیار سے ضرور

نوازے گا۔ چنانچہ اس اضافی ادائیگی کے اگلے دن ہی پھر اس نے سات گنا دے دیا۔

(الفضل 25 اکتوبر 2004ء)

10 گنا اضافہ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

ایک دوست نے مجھے لکھا کہ ایک انسپکٹر صاحب مال نے اندازہ لگا کر مجھے کہا کہ آپ دس ہزار چندہ کیوں نہیں لکھواتے آپ کی اتنی آمد ہوگی، آپ ٹھیکیدار ہیں، آپ کا اتنا بڑا کاروبار ہے۔ تو میں نے اس سے کہا توفیق نہ بھی ہو تب بھی لکھواؤں؟ اس نے مجھ سے یہ بحث نہیں کی کہ توفیق ہے یا نہیں اس نے کہا پھر بھی لکھوا دیں پھر دیکھیں خدا کیا فضل کرتا ہے۔ کہتے ہیں کہ میں نے لکھوا دیا۔ ابھی سال پورا نہیں ہوا تھا کہ میرا ٹھیکے کا کاروبار جو ہمیشہ تین لاکھ کے پھیر میں رہتا تھا وہ ایک سال کے اختتام سے پہلے تیس چالیس لاکھ تک پہنچ گیا اور اب میں نے کام لینے چھوڑ دیئے ہیں کیونکہ میں سنبھال ہی نہیں سکتا اور یہ دس ہزار کی ادائیگی کے متعلق مجھے پتہ ہی نہیں لگا کیسے ادا ہوگئی۔

(ضمیمہ ماہنامہ انصاراللہ مارچ 88)

40 گنا اضافہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

لندن میں ایک دوست میرے پاس آئے ان کے ہاتھ میں دو چیک تھے۔ ایک پینتالیس ہزار پونڈ کا اور دوسرا چالیس ہزار پونڈ کا۔ میں نے پوچھا یہ کیسے چیک ہیں تو انہوں نے کہا اس چیک کے ساتھ ایک کہانی وابستہ ہے پہلے وہ سن لیں پھر آپ کو بات سمجھ آجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ نے صد سالہ جوبلی کے لئے تحریک کی اور اس میں اس قسم کے الفاظ تھے کہ تاجر بھی حوصلہ کریں۔ خدا کی راہ میں قربانی کے لئے ہمت دکھائیں۔ دیکھیں تو سہی خدا تعالیٰ کس طرح مدد کرتا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس کا میرے دل پر اتنا گہرا اثر پڑا کہ باوجود اس کے کہ میرے پاس پیسہ نہیں تھا میری تجارت چھوٹی تھی میں نے بینک سے ایک لاکھ روپے قرض لیا اور چندہ ادا کر دیا۔ اس واقعہ کو چار سال گزر گئے۔ کہنے لگے چندہ عام کچھ تو میں جماعت میں باقاعدہ ادا کرتا تھا لیکن اب سال کے آخر پر جو میں نے حساب کیا ہے۔ 45 ہزار پونڈ چندہ عام میرے ذمہ بن رہا ہے جو میں اب ادا کر رہا ہوں۔ اب دیکھیں ایک شخص جو چار سال پہلے ایک لاکھ چندہ ادا کرنے کے لئے قرض لے رہا تھا اور سمجھ رہا تھا کہ میں نے تیر مار دیا اب وہ یک مشت سولہ لاکھ روپے کے لگ بھگ بقایا چندہ ادا کر رہا ہے۔ اس میں سارا چندہ شامل نہیں ہے۔ دوسرے اس نے کہا کہ شکرانے کے طور پر میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جس تحریک میں حصہ لینے کی وجہ سے خدا نے اتنی برکت ڈالی ہے۔ اس کا میں چندہ بڑھا دوں۔

چنانچہ اس نے کہا میں نے پچاس ہزار پونڈ صد سالہ جوبلی میں دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ دس ہزار پونڈ میں ادا کر چکا ہوں بقیہ چالیس ہزار پونڈ کا یہ چیک بھی میں آپ کے لئے لے کر آیا ہوں۔

(الفضل 30 جون 1990ء)

50 گنا اضافہ

ایک خاتون نے بتایا کہ مرکز سے نمائندگان وقف جدید جب چندہ وقف جدید کے لئے میرے پاس آئے تو میرے پاس گھر میں صرف دو سو روپے تھے مالی حالت ان دنوں خراب تھی میں نے ان دو سو روپے میں سے ایک سو روپیہ ان کو دے دیا اور دل میں خاصی شرمندہ تھی کہ خدا کے حضور پیش کرنے کے لئے صرف ایک سو روپیہ دیا ہے نمائندگان کے جانے کے چند گھنٹے بعد مجھے اطلاع آئی کی میرے بھائی نے پانچ ہزار روپیہ میرے لئے بطور تحفہ بھجوائے ہیں۔ یہ سن کر میری بیٹی مجھے کہنے لگی کہ اگر ہم دو سو روپے ہی اللہ کی راہ میں دے دیتے تو اللہ تعالیٰ ہمیں دس ہزار روپے بھجواتا۔

(الفضل 15 نومبر 2002ء)

پس خدا بھی آپ کے اموال کی حفاظت کی ذمہ داری لیتا ہے۔ خدا کا رسول بھی ان کے 700 گنا تک بڑھنے کا وعدہ کرتا ہے اور فرشتے بھی آپ کے لئے دعائیں کرتے ہیں۔ جس قوم کو یہ تینوں نعمتیں میسر آجائیں گویا اس کو تو دونوں جہان مل گئے۔

☆......☆......☆......☆

مرزا خلیل احمد قمر صاحب

سوء ہضم کا علاج

حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث نے سوءہضم کے علاج کے سلسلہ میں اپنے آزمودہ نسخہ کو بیان کرتے ہوئے اپنی خلافت سے قبل کے دو واقعات بیان فرمائے ہیں۔

پہلا واقعہ فرقان بٹالین کا ہے جو احمدی نوجوانوں پر مشتمل ایک بٹالین حکومت پاکستان کے کہنے پر تیار کی گئی تھی۔ فرقان بٹالین کو 1947ء میں محاذ جنگ پر آزادی کشمیر کے سلسلہ میں اہم تاریخی خدمات کا موقعہ ملا۔ حضرت مصلح موعود بھی فرقان بٹالین کے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کے لئے محاذ جنگ پر تشریف لے گئے تھے۔ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب اس بٹالین کے کرنل کمانڈنٹ تھے۔

دوسرا واقعہ 1935ء میں احمدیت مخالفانہ تحریک کے نتیجہ میں جب پورا پنجاب فسادات کی لپیٹ میں آگیا اور امن وامان کا سارا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا تھا۔ تو پنجاب حکومت نے سیفٹی ایکٹ کے تحت بہت سے لوگوں کو گرفتار کر لیا تھا۔ ان میں حضرت مرزا ناصر احمد کا وجود مسعود بھی تھا، یہ سخت گرمی اور رمضان المبارک کے ایام تھے۔ آپ نے راہ مولا میں اسیری کا ایک واقعہ بیان فرمایا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

ایک دفعہ جب ہماری فرقان بٹالین کشمیر کے محاذ پر لڑ رہی تھی تو مَیں سرائے عالمگیر گیا جو ہمارا بیس کیمپ

ایک دفعہ جب ہماری فرقان بٹالین کشمیر کے محاذ پر لڑ رہی تھی تو مَیں سرائے عالمگیر گیا جو ہمارا بیس کیمپ (Base Camp) تھا۔ معلوم نہیں کیا وجہ ہوئی لیکن وہاں جاتے ہی مجھے سوءہضم کی بڑی خطرناک قسم کی شکایت پیدا ہوگئی معدہ اور انتڑیوں میں تعفن پیدا ہو گیا۔ میرا دل نہ چاہا کہ مَیں اپنے لئے پرہیزی کھانا تیار کرواؤں بلکہ مَیں نے عہد کیا کہ جو دال روٹی عام جوانوں کے لئے پکتی ہے مَیں بھی وہی کھاؤں گا اور اس کیمپ کو یہ تکلیف نہیں دوں گا کہ مجھ بیمار کے لئے یا کسی اور بیمار کے لئے کوئی علیحدہ کھانا تیار کرے۔ مَیں نے ایک چوتھائی اپنی خوراک کا کھایا اور ہر لقمہ کو اتنی دفعہ چبایا کہ اس کا منہ میں رکھنا میرے لئے مشکل ہو گیا۔ اس طرح وہ لقمہ خود بخود زبردستی حلق کے رستہ پیٹ میں جانے کی کوشش کرتا تھا اور اس میں وہ کامیاب ہو جاتا تھا۔ منہ کے اندر روٹی کا ایک قسم کا شوربہ سا بن جاتا تھا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا (اللہ تعالیٰ ہی فضل کرنے والا ہے) کہ بارہ گھنٹے کے اندر اندر میری تکلیف آدھی رہ گئی اور 24 گھنٹے کے اندر اندر وہ دور ہوگئی حالانکہ میں نے وہاں کوئی خاص دوائی بھی استعمال نہیں کی تھی۔ صرف یہی نسخہ استعمال کیا تھا جو میں نے ابھی آپ کو بتایا ہے۔

(مجلس انصاراللہ مرکزیہ کے سالانہ اجتماع سے افتتاحی خطاب 28 اکتوبر 1966ء)

اللہ تعالیٰ نے انسانی جسم کو ایسے بنایا ہے کہ اگر انسان کھانا یہ سوچ کر کھائے کہ میں نے اسے خوب چبا کر کھانا ہے اور کھانا خوب چبا کے کھایا جائے تو انسان کو سخت چیز بھی ہضم ہو جاتی ہے۔ آپ اگر اپنے ہاتھ سے روٹی پکائیں گے تو وہ اس روٹی سے خراب نہیں ہو گی جو جیل میں ایک مہینہ پچیس دن ہمیں ملی وہ آٹا کیا تھا میرے خیال میں کئی سو آدمی کئی سال تک ریسرچ کریں اور ان کو بتایا نہ جائے کہ وہ کیا ہے تو انہیں اس کا پتہ نہیں لگ سکتا۔ اس کی ایک خصوصیت یہ تھی آپ خود اندازہ کر لیں کہ وہ کیا چیز تھی۔ رمضان کا مہینہ آیا تو گھر سے ہمیں گھی آتا تھا ہم پراٹھے پکواتے تھے۔ اگر یہ پراٹھا باقاعدہ اس طرح پکایا جائے جیسے عام طور پر پکایا جاتا ہے اور پھر اسے ایک آدھ گھنٹہ پلیٹ میں رکھا جائے تو سارا گھی نیچے چلا جاتا تھا اور سوکھی روٹی اوپر رہ جاتی تھی۔ عجیب قسم کا وہ معجون تھا۔ واللہ اعلم کس چیز سے وہ بنا ہوا تھا۔ لیکن وہاں بھی میرے دل میں یہ غیرت پیدا ہوئی کہ ہم چوری کر کے یا ڈاکہ مار کے یا کوئی قتل کر کے جیل میں نہیں آئے ہم تو خدا کے نام پر یہاں آئے ہیں اس لئے ڈاکٹر کا بھی احسان نہیں لینا۔ ڈاکٹر ہمیں بہت اچھا ملا ہوا تھا وہ روزانہ پوچھتا تھا کہ میاں صاحب کوئی تکلیف ہو تو بتائیں۔ اور جیل کے ڈاکٹر کو بڑے اختیارات ہوتے ہیں اگر وہ زردہ پلاؤ بھی لکھ دے تو جیل والوں کو دینا پڑتا ہے۔ وہ بلاناغہ مجھ سے پوچھتا تھا اور مَیں بلاناغہ یہ جواب دیتا تھا کہ کسی چیز کی ضرورت نہیں کیونکہ مَیں نے عہد کیا ہوا تھا کہ کھانے پینے کا خیال تو ویسے ہی فضول ہے اگر مجھے دوائی کی ضرورت پڑی تو مَیں نے وہ بھی اس ڈاکٹر سے نہیں لینی۔ چنانچہ جیل میں ایک دفعہ میرا پیٹ خراب ہوگیا۔ اس وقت مَیں نے ایک تو چبانے کا نسخہ استعمال کیا دوسرے پودینہ کا استعمال۔ اگر پودینہ مل جائے اور وہ خوب دھلا ہوا ہو۔ اس پر کوئی گند وغیرہ نہ ہو اگر اس کی دو پتیاں ہر لقمہ میں ڈال کر کھائی جائیں اور انہیں خوب اچھی طرح چبایا جائے تو یہ سوءہضم کا بہترین علاج ہے۔ اس میں ایسے اجزاء موجود ہوتے ہیں جو تعفن کو بھی دور کرتے ہیں اور معدہ کو بھی ٹھیک کرتے ہیں۔

بیماریوں کا سستا علاج

ڈاکٹر عام مریضوں پر بھی جو تین تین سو پانچ پانچ سو اور ہزار ہزار روپیہ خرچ کروا دیتے ہیں یہ بڑا ظلم ہے۔ حضرت مصلح موعود نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ حضرت خلیفہ اول فرمایا کرتے تھے کہ دنیا کی اکثر بیماریاں ایسی ہیں جن کا علاج ایک دھیلے یا ایک پیسہ سے ہو سکتا ہے۔ اب قیمتیں چڑھ گئی ہیں تو دھیلے اور پیسہ کی بجائے آنہ اور دونی کر لیں لیکن اس وقت آنہ دونی کی بجائے پانچ سو یا ہزار روپیہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک والوں کی اکثریت ایسی ہے جو ڈاکٹر کے پاس جا ہی نہیں سکتی اور اگر ایک دفعہ چلی جائے تو پھر ساری عمر قرض سے نجات حاصل نہیں کر سکتی اس لئے وہ ڈاکٹر کے پاس جاتے ہی نہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص بیمار ہو اور اس کو دوا نہ ملے تو اس کی طبیعت میں بڑی بے چینی پیدا ہوتی ہے اور وہ سوچتا ہے اور کڑھتا ہے کہ مَیں کس ملک میں پیدا ہوا ہوں۔ یہاں تو کسی بیمار کا بھی خیال نہیں رکھا جاتا حالانکہ اس کی اپنی اقتصادی حالت اور استعداد کے مطابق بغیر کوئی بار ڈالے اس کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ بہت سارے نسخے تو انسان کو خود یاد ہونے چاہئیں کہ ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت ہی نہ پڑے اور بیماری بھی چلی جائے۔ لیکن اصل علاج تو دعا ہے۔ ہم میں سے بہتوں نے بڑے عجیب نظارے دیکھے ہیں بلکہ ہزاروں نے ایسے نظارے دیکھے ہوں گے کہ بعض دفعہ بڑے خطرناک مریض بھی صرف دعا سے اور مٹی کی چٹکی سے یا دھیلے کی دوائی سے اچھے ہو جاتے ہیں۔

(افتتاحی خطاب سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ 28 اکتوبر 1966ء)

وصیت کرنے میں سبقت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"اس کام میں سبقت دکھلانے والے راستبازوں میں شمار کئے جائیں گے اور ابد تک خدا کی ان پر رحمتیں ہوں گی۔" (الوصیت)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس کارپرداز)

ترجمہ: محمد زکریا ورک، کنگسٹن کینیڈا

ڈاکٹر عبدالسلام کا قائم کردہ ادارہ

آئی سی ٹی پی کے چالیس سال

از قلم پاتھک گوھا۔ رپورٹر، دی ٹیلی گراف۔ کلکتہ انڈیا (18/اکتوبر 2004ء)

میلان کے ایئرپورٹ پر آج صبح بادل چھائے ہوئے تھے۔ وہ بس جس نے مسافروں کو ایلی ٹالیا فلائٹ نمبر 1339 کے جہاز تک لے کر جانا تھا وہ رفتہ رفتہ بھر رہی تھی۔ انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (مدراس) کے ریاضی کے پروفیسر پناملائی رام راؤ نے بس میں سوار ہوتے مسافروں کو دیکھ کر سرگوشی میں کہا کہ ایسے لگتا ہے کہ آج ہر کوئی انٹرنیشنل سینٹر فار تھیوریٹیکل فزکس (ICTP) کی طرف جا رہا ہے۔ ان کے ساتھ بیٹھے ہوئے مسافر نے جواباً کہا شاید آپ ٹھیک فرما رہے ہیں کیونکہ میں بھی وہیں جا رہا ہوں۔ میں اپنا تعارف کرانے کی جرأت کرتا ہوں۔ میرا نام غلام مرتضٰی ہے اور میرا تعلق گورنمنٹ کالج لاہور سے ہے۔

پروفیسر مرتضٰی ڈاکٹر عبدالسلام کی زندگی اور ان کے سائنسی کارناموں پر اتھارٹی مانے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر سلام وہ معروف پاکستانی سائنسدان ہیں جنہوں نے 1979ء میں فزکس کا نوبیل انعام شیلڈن گلاشو اور وائن برگ کے ساتھ شیئر کیا تھا۔ جیسے جیسے بس جہاز کی طرف جا رہی تھی انڈیا اور پاکستان سے آئے دو پروفیسر ڈاکٹر سلام کی سائنسی زندگی کے شروع ایام پر گفتگو میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ ڈاکٹر سلام نے پہلا سائنسی پیپر آپ کے ملک کے ممتاز ریاضی دان رامانوجن کے ایک مسئلہ پر لکھا تھا؟ پروفیسر مرتضٰی نے پوچھا۔ اس وقت گورنمنٹ کالج لاہور میں سلام کے ریاضی کے استاد پروفیسر چاولہ نے یہ مسئلہ اپنے شاگردوں کے سامنے پیش کیا اور پھر ان کو چیلنج دیا کہ وہ اس کا حل تلاش کریں۔ کچھ روز بعد سلام اس کا حل تلاش کر کے لے آئے اور پھر وضاحت کے طور پر اس پر ایک دقیق مقالہ قلم بند کیا۔

پروفیسر مرتضٰی پھر اپنے محترم استاد کی زندگی پر توجہ دیتے ہیں جس نے ان میں ریاضی کے درک کی چاٹ لگائی تھی۔ پروفیسر مرتضٰی اپنے مخاطب پروفیسر پارتھا سارا تھی کو بتلاتے ہیں کہ آزادی ہند کے بعد پروفیسر چاولہ انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانس سٹڈی (پرنسٹن امریکہ) روانہ ہو گئے جہاں انہوں نے مشہور عالم فزے سسٹ فری مین جے ڈائی سن کے ساتھ مل کر فزکس میں ریسرچ کا کام کیا یعنی انہوں نے ایٹمز اور پرائم نمبرز کے مابین تعلق ثابت کیا۔

جہاز پر سوار ہونے کے بعد بھی یہ گفتگو ان دو پروفیسروں کے درمیان جاری رہتی ہے۔ یہ کوئی حیرانگی کی بات نہیں کہ رامانوجن، سلام اور چاولہ کی زندگی کے واقعات ایک جیسے ہی ہیں یعنی مشرق میں پیدا ہونے والے عبقری سائنسدانوں کا مغرب میں جا کر اپنا جداگانہ مقام پیدا کرنا۔ اس جہاز پر سوار دوسرے کئی مسافروں کی طرح پروفیسر مرتضٰی اور پروفیسر پاراساتھی ٹریسٹ کے شہر میں انٹرنیشنل سینٹر فار تھیوریٹیکل فزکس کے چالیس سال مکمل ہونے پر منعقد ہونے والی تقاریب میں شرکت کے لئے جا رہے ہیں۔ اس سینٹر کی بنیاد سلام نے رکھی تھی جبھی 1996ء میں ان کی وفات کے بعد اس کا نام عبدالسلام آئی سی ٹی پی رکھ دیا گیا تھا۔

اس سینٹر کے قیام کا ایک مقصد یہ تھا کہ تھرڈ ورلڈ ممالک کے نوجوان سائنس دان ایک ایسا نیا گھر تلاش کر سکیں جہاں ان کو عزت اور وقار کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ اس سینٹر کی ابتداء ایک نئی قسم کے بزنس کا شروع کرنا ہے۔ جہاں محض خالص سائنس کے لئے اقوام متحدہ کے جھنڈے تلے لوگوں میں تعاون ممکن ہو سکے یہ آئیڈیا درحقیقت ایک بین الاقوامی آئیڈیل کا حصہ ہے اس لئے اسے کامیاب ہونا از بس لازمی ہے۔ (یہ پیراگراف سلام کے اس مضمون سے لیا گیا ہے جو انہوں نے فزکس ٹوڈے کے لئے 1965ء میں لکھا تھا۔)

جس پیش گوئی کا اوپر ذکر کیا گیا وہ اب اس صورت میں پوری ہو گئی ہے کہ آئی سی ٹی پی نے دو روزہ تقریبات کا انعقاد کیا ہے جو اکتوبر 2004ء کو شروع ہوں گی اور جس میں دنیا بھر کے 150 سائنس دان شرکت کر رہے ہیں بشمول آٹھ نوبیل انعام یافتگان کے۔ اس تقریب کا نام نہایت موزوں رکھا گیا ہے یعنی لیگی سی فار دی فیوچر جو آئی سی ٹی پی کے وسیع و عریض ہال میں شروع ہو گی اور جہاں اطالین حکومت کے وزراء۔ یونیسکو کے عہدیداران۔ انٹرنیشنل اٹامک انرجی کمیشن کے افسران۔ ٹریسٹ شہر کا میئر اور چیئر مین گروپ آف سیونٹی سیون کی شرکت متوقع ہے۔

تقریب کے آغاز میں آئی سی ٹی پی کے موجودہ ڈائریکٹر پروفیسر سری نواسن پاکستان کے صدر جنرل پرویز مشرف کا پیغام سناتے ہیں۔ انڈیا کے پرائم منسٹر ڈاکٹر من موہن سنگھ کا پیغام تاخیر سے پہنچا اور یہ ایک اور سیشن میں پڑھ کر سنایا گیا تھا۔ پھر یونیسکو کے ڈائریکٹر جنرل کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔ اس کے بعد پروفیسر سری نواسن نے ترقی یافتہ ممالک میں ریسرچ اور ڈویلپمنٹ میں آئی سی ٹی پی کے اہم رول کا تفصیل سے ذکر کیا۔

آئی سی ٹی پی کے چالیس سال مکمل ہونے پر پروفیسر سری نواسن نے چند ایک نئے انعامات کا ذکر کیا جن میں سے ریاضی میں دیئے جانے والے ایک انعام کا نام رامانوجن پرائز ہو گا جس کے لئے فنڈز ناروے کے ملک کی ایبل فاؤنڈیشن نے دیئے جہاں اٹھارہویں صدی میں مشہور عبقری ریاضی دان نیلز ہیزک ایبل Niels Henrik Abel پیدا ہوا تھا۔ ایبل کی زندگی رامانوجن کی زندگی سے بہت مشابہت رکھتی ہے۔ دونوں کو اپنے ممالک میں زیادہ اہمیت نہ دی گئی اور دونوں غربت کی حالت میں عین عالم شباب میں اس دار فانی سے رخصت ہوئے۔

لیگی سی آف فیوچر (Legacy of Future) پروگرام کے تحت ترقی یافتہ ممالک کی اقتصادی حالت پر خاص توجہ دی گئی۔ کیمبرج یونیورسٹی کے اکانومسٹ سر پارتھا داس گپتا کی تقریر کا عنوان Rural Poverty in Poor Countries تھا۔ انہوں نے کہا کہ کسی قوم یا ملک کی کل دولت بیان کرنے کے لئے جی ڈی پی اور پرکیپٹا انکم کے دو انڈی کیٹر اس ملک کی شہریوں کی معاشی حالت کی صحیح صورت میں عکاسی نہیں کرتے ہیں۔

پینل ڈسکشن کا عنوان انٹرنیشنل کوآپریشن اور پروموشن آف سائنس تھا۔ جواہر لال نہرو سینٹر فار ایڈوانس سائنٹفک ریسرچ (بنگلور) کے پروفیسر سی۔ آر۔ راؤ نے کہا کہ بہت سارے ترقی پذیر ممالک آر اینڈ ڈی پر اپنے ملک کی جی ڈی پی کا 0.1 فیصد حصہ خرچ نہیں کرتے ہیں۔ انڈیا، چائنا اور برازیل کی آبادی دنیا کی کل آبادی کا ایک تہائی حصہ ہے۔ ان ممالک کے سائنسدان دنیا کے سائنسی جرنلز میں صرف سات سے آٹھ فیصد سائنسی مقالے شائع کرتے ہیں جن میں صرف تین فیصد کا حوالہ دوسرے سائنسدان دیتے ہیں۔ پروفیسر راؤ نے تجویز پیش کی کہ آیئے ہم عہد کریں کہ اگلے دس سالوں میں ہمارے پیپرز کا حوالہ پندرہ فیصد سائنسدان دیں گے۔

کیمسٹری میں نوبیل انعام یافتہ سائنسدان پروفیسر احمد ذویل کی تقریر کا عنوان سائنس ان دی ڈویلپنگ ورلڈ تھا۔ انہوں نے کہا کہ ضروری ہے کہ ہم اپنے گھر کو سنواریں قبل اس کے کہ اپنی پسماندگی کا دوسروں کو مورد الزام ٹھہرائیں۔ تھرڈ ورلڈ ممالک میں سائنس میں فروغ کے لئے سیاسی عزم کا فقدان ہے۔ انہوں نے ایک واقعہ بیان کیا کہ کس طرح مصر کے ملک میں جب تک ایک ریسرچ سائنسدان کسٹمز کلیئرنس حاصل کرتا ہے اس وقت تک اس انسٹرومنٹ کی وارنٹی ختم ہو چکی ہوتی ہے۔

سرن کے ادارہ (جنیوا) کے پروفیسر ڈاکٹر لوئیس الواریز گوعام Dr Luis Alvarez Guame کی تقریر کا عنوان چیلنجز فار دی ہائی انرجی فزکس تھا۔ انہوں نے کہا کہ سرن کا ادارہ 2008ء میں ہگز پارٹیکل Higgs Particle کو تلاش کرنے اور پکڑنے کے لئے تجربات کی تیاریاں کر رہا ہے۔ پروفیسر موصوف نے سٹرنگ تھیوری پر اظہار خیال کیا کرتے ہوئے بلیک بورڈ پر ایک قلعہ کی پینٹنگ دکھلاتے ہوئے کہا کہ سٹرنگ تھیوری کی بنیاد مضبوط پتھروں پر رکھی گئی ہے۔

انسٹی ٹیوٹ فار سائنٹفک فاؤنڈیشن (ٹورینو، اٹلی) کے پروفیسر رے جی Dr. Regge نے وری سمال اینڈ وری لارج سٹرکچر آف دی یونیورس پر اظہار خیال کرتے ہوئے سوال کیا کہ کیا واقعی دنیا میں کوئی فائنل تھیوری ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگر واقعی ایسی کوئی تھیوری دریافت ہو جائے تو اس کے بعد سائنسدانوں کے لئے زندگی کتنی بورنگ ہو جائے گی۔ ہمارے پاس پھر اس کے بعد کرنے کے لئے کچھ نہ ہو گا۔ میرے خیال میں تمام فزیکل فینامینا کو کسی ایک تھیوری سے بیان کرنا غیر ممکن ہے۔ فطرت کی پیچیدگیوں کو ہمارے لئے سمجھ لینا نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے۔ زندگی کا یہ شو تو ہر حالت میں چلتا رہے گا۔ حاضرین میں سے کسی نے سوال کیا کہ آیا لاز آف نیچر کائنات میں زندگی کے ظہور میں آنے کے مطابق ہیں؟ انہوں نے کہا میرے خیال میں ایسا نہیں ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ بعض فزیسٹ اس نظریہ سے مفاہمت اختیار کرتے ہیں لیکن ایسا نظریہ یا اعتقاد رکھنا مذہبی عقیدہ تو ہو سکتا ہے سائنس ہرگز نہیں۔ لاز آف نیچر کو کہ وہ کیوں ہیں جیسے کہ وہ ہیں فزکس ان کی تشریح نہیں کر سکتی، یہ درحقیقت فزکس کی ناکامی ہے۔

آج کی آخری سائنسی پریزنٹیشن پروفیسر جان نیش John Nash کی تھی جنہیں 1994ء میں اکنامکس کا نوبیل انعام دیا گیا تھا۔ تمام مقررین میں سے جان نیش سب سے اہم اور ممتاز نوبیل انعام یافتہ مقرر تھے۔ جس تحقیق کی بناء پر ان کو نوبیل انعام دیا گیا تھا اسے Nash Equilibrium کہا جاتا ہے۔ جس زمانہ میں وہ پرنسٹن (نیو جرسی) کی درسگاہ انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانس سٹڈی میں تدریس کا کام کر رہے تھے تو وہ شیزوفرینیا Schizophrenia کا شکار ہو گئے تھے۔ کئی سال تک وہ دماغی ہسپتال میں زیر علاج رہے۔ اس دوران ان کی بیگم ایلیشیا Alicia نے وفاداری کا مکمل ثبوت دیا اور ان کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ ان کی زندگی پر امریکہ میں چند سال قبل ایک قابل ذکر فلم بھی بنائی گئی تھی۔ جس کا نام A Beautiful Mind ہے۔ اس فلم نے کئی آسکر انعامات بھی جیتے ہیں۔

اتفاق سے جان نیش کی زندگی پر یہ دلچسپ اور معلومات افزا فلم ایک رات اٹلی کے ٹیلی ویژن پر دکھائی گئی۔ آئی سی ٹی پی کے چالیس سال مکمل ہونے پر پیپرز پیش کرنے والے سائنسدانوں کو احساس ہوا کہ ہالی وڈ سے شہرت حاصل کرنا سٹاک ہالم سے خوشخبری والے فون سے بعض دفعہ زیادہ ضروری ہوتی ہے۔ چنانچہ جس آڈیٹوریم میں جان نیش نے تقریر کرنی تھی وہاں مقامی سکولوں، کالجوں کے طالبعلم کثیر تعداد میں پہنچ گئے۔ بعض تو کرسی نہ ملنے پر سیڑھیوں پر ہی

براجمان ہو گئے۔ جونہی جان نیش سٹیج پر آیا، ہال کے اندر موجود لوگوں نے اس کا گرم جوشی سے استقبال کیا۔

جان نیش کے مقالہ کا نام An Interesting Equation تھا۔ افسوس کہ نوجوانوں نے اس سے جو امیدیں وابستہ کی تھیں وہ پوری ہوتی نظر نہ آئیں۔ اس نے پہلے نصف گھنٹہ میں ٹینسر جیومیٹری Tensor Geometry پر اظہار خیال کیا جس کے ذریعہ آئن سٹائن نے نظریہ اضافت وضع کیا تھا۔ مقامی اخبارات کے فوٹو گرافر بلیک بورڈ پر موجود نہ سمجھ آنے والی مساوات کے ساتھ اس کی تصاویر بے دریغ لے رہے تھے مگر ہال کے اندر سکالرز کو اس کی کوئی بات پلے نہیں پڑ رہی تھی۔ یا یوں کہہ لیں کہ وہ اس کی برین ویو کی تہہ تک عین اس وقت جانے سے معذور تھے۔ جان نیش اب دعویٰ کرتا ہے کہ وہ انٹریسٹنگ ایکویشن کے ہوتے ہوئے فطرت کے مطالعہ کے لئے کوانٹم میکینکس کا علم حاصل کرنا زیادہ ضروری نہیں جانتا ہے۔ نظریہ اضافت ہی دراصل تمام سائنسی مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔ مجھے کوانٹم میکینکس کی سمجھ نہیں آتی اور نہ ہی آئن سٹائن کو آئی تھی۔

جب جان نیش سٹیج سے نیچے اترتا ہے تو حاضرین زور شور سے تالیاں بجا کر اسے داد دیتے ہیں۔ دیکھتے ہی دیکھتے لوگ ہال سے باہر جانا شروع کر دیتے ہیں۔ مائیکروفون پر پروفیسر سری نواسن اعلان کرتے ہیں کہ خواتین و حضرات ہمارا یہ سیشن ابھی ختم نہیں ہوا ہے اور اب ہم آج کے پروگرام کا آخری حصہ شروع کرتے ہیں۔ لوگوں پر ان کی پرزور اپیل کا اثر ہوتا ہے اور وہ دوبارہ اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھنا شروع کر دیتے ہیں۔

ایران کے منسٹر آف سائنس، ریسرچ اینڈ ٹیکنالوجی مسٹر جعفر توفیقی کو بلایا جاتا ہے کہ وہ حاضرین سے خطاب کریں۔ اس کے بعد ٹاٹا انسٹی ٹیوٹ آف فنڈامینٹل ریسرچ (ممبئی) کے ڈاکٹر واڈیا Dr. Wadia جو آجکل سرن (جنیوا) میں ریسرچ کا کام کر رہے ہیں وہ اپنی تقریر میں آئی سی ٹی پی کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اس ادارہ نے 2001ء میں ممبئی میں سٹرنگ تھیوری کے ماہرین کی کانفرنس کے انعقاد کے لئے انہیں مالی امداد دی تھی۔ وہ ایک بار پھر شکریہ ادا کرتے ہیں کیونکہ ان کی اپنی ہونے والی بیوی کے ساتھ پہلی ملاقات بھی یہیں ہوئی تھی۔ حاضرین مجلس یہ بات سن کر زعفران زار ہو جاتے ہیں۔

بنگلہ دیش اکیڈمی آف سائنسز کے صدر محمد شمشیر علی ان گزرے ہوئے دنوں کو یاد کرتے ہیں جب وہ 1960ء کی دہائی میں ٹریسٹ آئی سی ٹی پی کے قیام کے معاً بعد آئے تھے۔ اس زمانے میں ڈاکٹر سلام ہم سب نوجوانوں کے لئے باپ کی حیثیت رکھتے تھے۔ وہ ریسرچ ٹاپک کے انتخاب کے وقت بہت سخت گیر ثابت ہوتے تھے۔ ہم ان کے ساتھ بحث میں الجھ جاتے اور وہ بات کو کاٹ کر اپنا حتمی فیصلہ سنا دیتے تھے۔ لیکن چند لمحوں بعد وہ ہم طالبعلموں کا نقطہ نظر جاننے کی بھی کوشش کرتے بلکہ معذرت کرنے میں ذرا بھی ہچکچاہٹ محسوس نہ کرتے تھے۔ سلام نے بنگلہ دیش میں آر اینڈ ڈی کے فروغ کے سلسلہ میں آئی سی ٹی پی کی اہمیت کو جان لیا تھا۔ زندگی کے آخری سالوں میں ان کی صحت دگرگوں تھی، اس کے باوجود وہ ہماری لیبارٹریز کو دیکھنے کے لئے آیا کرتے تھے۔ ہم بنگلہ دیش میں ان سے رہنمائی اور انسپریشن حاصل کیا کرتے تھے۔ آئیے ہم سب عہد کریں کہ آئی سی ٹی پی عبدالسلام کے خواب کو پورا کرتا رہے گا۔

آئی سی ٹی پی کے موجودہ ڈائریکٹر پروفیسر سری نواسن Sreenivasan نے جواباً کہا کہ ترقی پذیر ممالک کے ریسرچر آئی سی ٹی پی سے جو امیدیں وابستہ کرتے ہیں اس کا سوچ کر مجھ پر خوف طاری ہو جاتا ہے مگر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری طرف سے ان کوششوں میں ذرہ بھر بھی کمی نہ ہوگی۔

جوں جوں یہ تقریبات ختم ہونے کو آتی ہیں شرکت کرنے والے ہال سے رخصت ہونا شروع کر دیتے ہیں اور دعا کرتے جاتے ہیں کہ سلام کی یہ تخلیق ہمیشہ ترقی کے زینہ پر گامزن رہے۔ اٹلی کی وزارت خارجہ کے سیکرٹری جنرل امبرٹو وٹانی Umberto Vattani نے اپنی تقریر میں ونسٹن چرچل کا ایک واقعہ سنایا تھا جو آج کے ماحول پر پورا پورا چسپاں ہوتا ہے۔ ایک نوجوان فوٹو گرافر جب ونسٹن چرچل کی 80 ویں سالگرہ کے موقعہ پر اس کی تصاویر لے چکا تو جانے سے قبل اس نے ازراہ تفنن مسٹر چرچل سے کہا جب آپ کی 90 ویں سالگرہ منائی جائے گی تو کیا میں اس وقت بھی آپ کی تصاویر لے سکوں گا؟ چرچل نے جواب دیا کیوں نہیں ینگ مین، تمہاری صحت ابھی تک تو بہت اچھی ہے۔

عطاء القدوس ملہی صاحب

حقیقی دوستی اور اس کا معیار

سماجی زندگی میں دوست ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ انسان اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے۔ مشہور مقولہ ہے:۔

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز
کبوتر با کبوتر، باز با باز

دوستوں کے انتخاب میں بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ سوچ، خیالات، عادات، مزاج، مشاغل، مقصد حیات اور عقائد میں ہم آہنگی سے دوستی میں پختگی اور دوام پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

حضرت ابوبکرؓ کی آنحضرت ﷺ سے بچپن سے دوستی ہی ان کے بلا دلیل ایمان لانے کا موجب ہوئی۔

بچے ناپختہ ذہن رکھتے ہیں اور ناتجربہ کار ہوتے ہیں۔ اس لئے اس میدان میں وہ والدین کی مدد کے محتاج ہوتے ہیں۔ خدانخواستہ بچہ غلط دوست بنا لے تو فوری طور پر اصلاح کی جائے۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ درج ذیل ہے۔

پرانے وقتوں میں ایک امیر آدمی کا اکلوتا بیٹا برے لڑکوں کو دوست بنا بیٹھا جو اسے طرح طرح سے لوٹتے تھے اور برے مشاغل میں مصروف رکھتے۔ باپ کو قدرتی طور پر یہ صورت حال گوارا نہ تھی۔ وہ اپنی اکلوتی اولاد کو تباہ ہوتے اور اپنی محنت سے کمائی ہوئی دولت کو برباد ہوتے نہ دیکھ سکتا تھا۔ اس نے اپنے بیٹے کو ہر طرح سمجھایا مگر وہ باز نہ آیا۔ آخر کار باپ نے ایک تدبیر کی۔ اپنے بیٹے سے کہا کہ تمہارے دوست ہرگز خیر خواہ، ہمدرد اور وفادار نہیں۔ تم ان کے پاس پرانے کپڑے پہن کر اور خستہ حالت لے کر جاؤ کہ میرے باپ نے ناراض ہو کر مجھے گھر سے نکال دیا ہے۔ اور اب میں تمہاری مدد کا محتاج ہوں۔ پھر دیکھو کہ وہ تم سے کیسا سلوک کرتے ہیں۔ بیٹے نے تجویز قبول کر لی اور دوسرے روز اس مشن پر روانہ ہو گیا۔ اس کے دوستوں کو اس صورت حال کا علم ہوا تو مختلف بہانوں سے اسے ٹال دیا۔

بعض کا سلوک تو ایسا تھا کہ بالکل انجان بن گئے۔ جیسے وہ اسے جانتے ہی نہیں، کبھی آپس میں کوئی تعلق ہی نہ رہا ہو۔ غرضیکہ اسے کسی ایک دوست سے بھی مدد ملنا تو کجا، ہمدردی کے دو بول بھی نصیب نہ ہوئے۔ واپس گھر لوٹا تو باپ کے سامنے شرمندہ تھا اور اس پر اپنی دوستی اور دوستوں کی حقیقت واضح ہو چکی تھی۔

شاعر نے کیا خوب کہا ہے:۔

تم تکلف کو بھی اخلاص سمجھتے ہو فراز
دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا

